© rasailojaraid.com



گوشۂ فقہاء

# علامہ محمد حسام الدین الفقیہ

## نام ونسب اور سکونت:

محمد نام، ابوعبداللہ کنیت، حسام الدین لقب، والد کا نام محمد اور دادا کا نام عمر ہے۔ اخسیکث (بفتح الف وسکون خاء وکسر سین) کی طرف منسوب ہیں جو فرغانہ کا ایک شہر ہے جس کے متعلق صاحب انساب نے لکھا ہے "کانت من انزه بلادها و احسنها"

شیخ کامل، امام فاضل عالم فروع واصول، ماہر جدل وخلاف تھے محمد بن عمر نوجاباذی محمد بن محمد بخاری فخرالدین محمد بن احمد بن الیاس مایمرغی وغیرہ نے آپ سے فقہ کی تعلیم حاصل کی ہے۔

## تصانیف:

آپ کی کتاب منتخب حسامی اصول فقہ کی بہترین ومعتبر اور مقبول ومتداول کتاب ہے اس کے علاوہ حجۃ الاسلام امام غزالی کی منخول کی تردید میں جو امام اعظم کی تشنیع پر مشتمل ہے آپ نے ایک نفیس رسالہ چھ فصول میں لکھا ہے جس میں امام غزالی کا ایک ایک قول لے کر مدلل تردید کی ہے اور امام صاحب کے مناقب جلیلہ بھی ذکر کئے ہیں۔

## شروح حسامی:

اکابر علماء ومحققین فضلاء نے ان کی شروح لکھی ہیں جن میں امیر کاتب عمید بن امیر عمرو بن عمیر غازی کی تبیین جو موصوف نے ۷۱۶ھ میں سفر حج کے موقع پر لکھی تھی اور عبدالعزیز بخاری کی تحقیق زیادہ مشہور ہیں۔

## وفات:

آپ نے بروز دوشنبہ ۲۲ یا ۲۳/ ذیقعدہ ۶۴۴ھ میں وفات پائی اور قاضی خاں کے قریب مقبرہ القضاۃ میں مدفون ہوئے۔

لاش پر عبرت یہ کہتی ہے امیر آئے تھے دنیا میں اس دن کے لئے(۱)

---

۱۔ التعلیقات السنیۃ مقدمہ عمدۃ الرعایۃ طرب الاماثل تراجم الافاضل کشف الظنون خلاصۃ الاثر ۱۲۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



# فہرست حواشی وشروح کتاب منتخب حسامی

| نمبرشمار | شرح | مصنف | سن وفات |
|---|---|---|---|
| ۱ | الوافی شرح منتخب | شیخ حسام الدین حسین بن علی صغناقی | ۷۱۱ھ |
| ۲ | التحقیق ایضاً | شیخ عبدالعزیز بن احمد بخاری | ۷۳۰ھ |
| ۳ | التبیین ایضاً | شیخ قوام ابن امیر کاتب بن امیر عمر واتقانی حنفی | ۷۵۸ھ |
| ۴ | شرح منتخب (مختصر) | امام حافظ الدین عبداللہ بن احمد نسفی | ۷۱۰ھ |
| ۵ | شرح (مطول) | ایضاً | ایضاً |
| ۶ | تعلیق بر منتخب | شیخ احمد بن عثمان ترکمانی | ۷۴۴ھ |
| ۷ | حاشیہ حسامی | مولانا معین الدین عمرانی دہلوی | |
| ۸ | تعلیم العامی فی تشریح الحسامی | مولانا برکت اللہ بن محمد احمد اللہ بن محمد نعمت اللہ لکھنوی | |
| ۹ | النامی شرح حسامی | شیخ ابومحمد عبدالحق بن محمد امیر بن خواجہ شمس الدین دہلوی | |
| ۱۰ | التعلیق الحامی علی الحسامی | مولانا فیض الحسن بن مولانا فخر الحسن گنگوہی۔ | |

ایک عوامی اسلامی پرچہ ...... دار العلوم قمر الاسلام سلیمانیہ کے سابق طلبہ کا ترجمان

ماہنامہ کاروانِ قمر کراچی

قرآن وسنت، فقہ وتصوف اور تاریخ وسوانح کے علاوہ

متنوع اسلامی عنوانات پر ہر ماہ عمدہ مضامین پیش کرتا ہے۔

زیرِ ادارت

علامہ محمد صحبت خان کوہاٹی............ڈاکٹر نور احمد شاہتاز

مقامِ اشاعت: دار العلوم قمر الاسلام سلیمانیہ پنجاب کالونی کراچی

© rasailojaraid.com